Directorate Of Education GNCT Of Delhi

Annual Practice Question Paper (2025-26)

Subject : Urdu A

Class : X

Code : 003

Time : 3 Hrs. Max Marks : 80

## Section A (حصّہ الف)

سوال نمبر 1۔ مندرجہ ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ (5x1=5)

یہ تو بھولا ہی جانتا ہوگا کہ اس نے دوپہر کے آنے کا کتنا انتظار کیا۔ بھولا کو اس بات کا علم تھا کہ باباجی کے کہانی سنانے کا وقت وہی ہوتا ہے جب وہ کھانا کھا کر اس پلنگ پر لیٹتے ہیں جس پر وہ باباجی یا ماتاجی کی مدد کے بغیر نہیں چڑھ سکتا تھا۔ چنانچہ وقت سے آدھ گھنٹے پیشتر ہی اس نے کھانا نکلوانے پر اصرار شروع کر دیا۔ میرے کھانے کے لیے نہیں بلکہ اپنی کہانی سننے کے چاؤ سے۔ میں نے معمول سے آدھ گھنٹے پہلے کھانا کھایا۔ ابھی آخری نوالہ میں نے توڑا ہی تھا کہ پٹواری نے دروازے پر دستک دی۔ اس کے ہاتھ میں ہلکی سی ایک جریب تھی، اس نے کہا کہ خانقاہ والے کنویں پر آپ کی زمین کو ناپنے کے لیے مجھے آج ہی فرصت مل سکتی ہے، پھر نہیں۔ دالان کی طرف نظر دوڑائی تو میں نے دیکھا کہ بھولا چارپائی کے چاروں طرف گھوم کر بستر بچھا رہا تھا۔ بستر بچھانے کے بعد اس نے ایک بڑا سا تکیہ بھی ایک طرف رکھ دیا اور پائینتی پر پاؤں اڑا کر چارپائی پر چڑھنے کی کوشش کرنے لگا۔ اگرچہ بھولے کا اصرار مجھے جلد روٹی کھلانا اور بستر بچھا کر میری تواضع کرنا اپنی خودغرضی پر مبنی تھا، تاہم میرے خیال میں آیا........ ’آخر مایا کا بیٹا ہی ہے نا.......... ایشور اس کی عمر دراز کرے۔‘

(i) دیا گیا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(a) سرسیّد کا بچپن (b) نیا قانون (c) بھولا (d) عورتوں کے حقوق

(ii) درج بالا اقتباس کے مصنّف کا نام---------ہے۔

(a) سیّد عابد حسین (b) محمّد مجیب (c) سعادت حسن منٹو (d) راجندر سنگھ بیدی

(iii) بھولا نے کس کے آنے کا انتظار کیا؟

(iv) بھولا نے کھانا جلدی نکلوانے کے لیے کیوں اصرار کیا؟

(v) اصرار کا کیا مطلب ہے؟

سوال نمبر 2۔ مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیئے۔ (5x1=5)

ٹیگور بنگال کے ممتاز ترین امیر خاندان سے تعلق رکھتے تھے مگر اس خاندان میں اپنے بچّوں کی تربیت کا ڈھنگ بھی بس نمونے کا تھا۔ بچّوں کے لیے نہ تو قیمتی کپڑوں کا اہتمام تھا، نہ اچھے اچھے مرغن کھانوں کا، نہ عیش و آرام کا وہ تمام سامان فراہم کیا گیا تھا جس نے آج نسلوں کو برباد کر دیا ہے، خود ٹیگور معمولی قمیص اور پاجامہ پہنتے۔ عام طور پر سلیپروں کا ایک جوڑا ملا کرتا تھا۔ گھر پر زیادہ تر ننگے پاؤں رہتے تھے۔ ابھی ٹیگور آٹھ ہی برس کے تھے کہ ان کے بڑے بھائی ’جیوتی ناتھ‘ نے ان سے کہا ’رابی تم شعر

کیوں نہیں کہتے؟' ٹیگور نے پہلی نظم 'کنول' پر لکھی۔ نظم کیسی تھی کچھ پتا نہیں لیکن ایسا ضرور تھا کہ اسے دیکھ کر جیوتی ناتھ کی آنکھوں میں خوشی کے آنسو چھلک آئے۔ انھوں نے اپنے چھوٹے بھائی کی ہمّت بڑھائی اور سب سے پہلے بنگالی بحروں کے اتار چڑھاؤ پر تعلیم دی۔

(i) ٹیگور کہاں سے تعلق رکھتے تھے؟

(a) پٹنہ سے (b) راجستھان سے (c) بنگال سے (d) گجرات سے

(ii) کون معمولی قمیص اور پاجامہ پہنتے تھے؟

(a) ٹیگور کے والد (b) ٹیگور (c) میگھ ناتھ (d) جیوتی ناتھ

(iii) ٹیگور نے پہلی نظم کس پر لکھی؟

(iv) ٹیگور کے بڑے بھائی کا کیا نام تھا؟

(v) ممتاز ترین کا کیا مطلب ہے؟

سوال نمبر3۔ درج ذیل درسی شعری حصّے کو پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب دیجیے۔ (5x1=5)

سر میں شوق کا سودا دیکھا دہلی کو ہم نے بھی جا دیکھا
جو کچھ دیکھا اچھا دیکھا کیا بتلائیں کیا کیا دیکھا
جمنا جی کے پاٹ کو دیکھا اچھے ستھرے گھاٹ کو دیکھا
سب سے اونچے لاٹ کو دیکھا حضرت ڈیوک کناٹ کو دیکھا
پلٹن اور رسالے دیکھے گورے دیکھے کالے دیکھے
سنگینیں اور بھالے دیکھے بینڈ بجانے والے دیکھے

(i) درج بالا اشعار کس نظم سے لیے گئے ہیں؟

(a) حقیقت حسن (b) جلوۂ دربار دہلی (c) گرمی اور دیہاتی بازار (d) اودیس سے آنے والے بتا

(ii) درج بالا شعری حصّے کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(a) اقبال (b) جوش (c) اکبر الہ آبادی (d) اختر شیرانی

(iii) اس نظم میں شاعر کس جگہ کا ذکر کر رہا ہے؟

(iv) لوگوں کو کیا دیکھنے کا جنون ہے؟

(v) پلٹن اور رسالے کا کیا مطلب ہے؟

سوال نمبر4۔ درج ذیل غیر درسی شعری حصّہ کو غور سے پڑھئے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیئے۔ (5x1=5)

چاہتے ہیں تجھ کو کرتے ہیں پیار کچھ پتہ اس کا بتا اے دوست دار
اس سے پودے نے کہا یوں سر ہلا گھاس! سب بے جا ہے یہ تیرا گلا
مجھ میں اور تجھ میں نہیں کچھ بھی تمیز صرف سایہ اور میوہ ہے عزیز
فائدہ اک روز مجھ سے پائیں گے سایے میں بیٹھیں گے اور پھل کھائیں گے

ہے یہاں عزّت کا سہرا اس کے سر        جس سے پہنچے نفع سب کو بیشتر

(i) پودے نے کس سے کہا کہ تیرا گلا بے جا ہے؟

(a) پیڑ سے        (b) پہاڑ سے        (c) پودے سے        (d) گھاس سے

(ii) سب لوگ کس کو چاہتے اور پیار کرتے ہیں؟

(a) کانٹے کو        (b) پہاڑ کو        (c) پودے کو        (d) دیوار کو

(iii) یہاں عزّت کا سہرا کس کے سر پر ہوتا ہے؟

(iv) لوگ کس کے سایے میں بیٹھیں گے اور پھل کھائیں گے؟

(v) کس نے کہا کہ مجھ میں اور تجھ میں فرق نہیں ہے؟

## Section B (حصّہ ب)

سوال نمبر 5۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر 300۔250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ (1x10=10)

(1) گلوبل وارمنگ: ایک خطرہ

(2) ذرائع ابلاغ

(3) آلودگی: ایک سنگین مسئلہ

سوال نمبر 6۔ آپ کا نام ثاقب / ہبہ ہے۔ اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام کھیل کا سامان منگوانے کے لیے درخواست لکھیے۔ (1x4=4)

یا

آپ کا نام رحمان / رحیمہ ہے۔ آپ B-201 , چھوٹی کالونی، دہلی میں رہتے / رہتی ہیں۔ اپنے والد کو خط لکھ کر انھیں اپنی تعلیمی مصروفیات کے بارے میں بتائیے۔ آپ کے والد M-35، جنگ پورہ، غازی آباد میں رہتے ہیں۔

سوال نمبر 7۔ سبق ”عورتوں کے حقوق“ کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔ (1x4=4)

یا

محمد مجیب کی زندگی اور خدمات پر ایک نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر 8۔ ”گرمی اور دیہاتی بازار“ کا مرکزی خیال لکھیے۔ (1x3=3)

یا

سودا کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر 9۔ افسانہ ’فقیر‘ کا خلاصہ لکھیے۔ (1x4=4)

یا

منشی پریم چند کی افسانہ نگاری پر ایک نوٹ لکھیے۔

## Section C (حصّہ ج)

سوال نمبر10۔ 'فعل' سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔ (3+1+1=5)

(i) درج ذیل جملوں کو غور سے پڑھیے اور زمانے کے لحاظ سے فعل کی قسم لکھیے۔

1۔ ناظمہ کل پکنک جائے گی۔

2۔ عبدالرحمان نے خط لکھا۔

3۔ رضیہ دہلی میں رہتی ہے۔

(ii) درج ذیل میں سے فعل معروف کی درست مثال پہچانیے۔

1۔ ایان نے کھانا کھالیا 2۔ بچے سو رہے ہیں 3۔ نمازی مسجد پہنچ گئے 4۔ وہ اپنی سائیکل واپس لے گئے

(iii) وہ فعل جس میں کسی کام کا اثر صرف فاعل تک محدود رہے، فعل ۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

1۔ فعل ناقص 2۔ فعل لازم 3۔ فعل مرکب 4۔ فعل متعدی

سوال نمبر11۔ 'صنائع بدائع' سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔ (3+1+1=5)

(i) درج ذیل شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟ اس صنعت کا نام اور تعریف لکھیے۔

ہو عمر خضر بھی تو کہیں گے بوقت مرگ

ہم کیا رہے یہاں، ابھی آئے ابھی چلے

(ii) کنایہ کسے کہتے ہیں؟

1۔ کسی ایک چیز کو کسی دوسری چیز کے مانند بتانا 2۔ شعر میں کسی بات کا فرضی سبب بیان کرنا

3۔ کسی مشہور واقعے کی طرف اشارہ کرنا 4۔ بات کا پوشیدہ رکھ کر کہنا یا مخفی اشارہ کرنا

(iii)۔ کسی ایک چیز کو کسی دوسری چیز کے مانند بتانا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

1۔ تلمیح 2۔ تجنیس 3۔ تضاد 4۔ تشبیہ

سوال نمبر12۔ 'محاورے اور کہاوت' سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔ (3+1+1=5)

(i) درج ذیل میں سے کوئی تین محاوروں کا جملوں میں استعمال کیجیے۔

1۔ نو دو گیارہ ہونا 2۔ تیرنا کون سکھائے 3۔ پاؤں تلے زمین نکلنا 4۔ اپنا الّو سیدھا کرنا

(ii) درج ذیل میں سے کس کے پیچھے کوئی واقعہ یا کہانی ہوتی ہے؟

1۔ محاورہ 2۔ روزمرہ 3۔ فقرہ 4۔ کہاوت

(iii) محاورہ کس پر ختم ہوتا ہے؟

1۔ اسم 2۔ مفعول 3۔ فاعل 4۔ فعل

سوال نمبر13۔ 'رموز اوقاف' سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔ (1+1=2)

(i) وہ علامت بنائیے جو افسوس ظاہر کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔

(ii) کوئی بات پوچھنے کے لیے جملے میں کے آخر میں جو علامت استعمال کی جاتی ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟

1۔ ختمہ　　2۔ سکتہ　　3۔ فجائیہ　　4۔ سوالیہ

سوال نمبر 14۔ 'شعری اصطلاحات' سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔ (2+1=3)

(i) غزل کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں کیا کہلاتا ہے؟ مثال بھی لکھیے۔

(ii) عام طور پر اشعار میں قافیے کے بعد جو لفظ یا الفاظ دہرائے جاتے ہیں انھیں کیا کہتے ہیں؟

1۔ حسن مطلع　　2۔ مطلع　　3۔ شاہ بیت　　4۔ ردیف

## Section D (حصّہ د)

سوال نمبر 15۔ درج ذیل میں سے صرف دو کے جواب دیجیے۔ (2x2=4)

(i) بھولا کہاں چلا گیا تھا اور کیوں؟

(ii) نیا قانون کے آنے کی خبر سے منگو کوچوان کیوں خوش تھا؟

(iii) سر سیّد کے نانا کے یہاں دستر خوان کے آداب کیا تھے؟

(iv) رام سہائے مل کے دروازے پر سپاہی آئے تو اس نے کیوں کیا کہ میرے پاس امان کا پروانہ ہے؟

سوال نمبر 16۔ درج ذیل میں سے صرف دو کے جواب دیجیے۔ (2x2=4)

(i) 'نسیم تیری سی چھاتی کے پار گزرے ہے' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(ii) شاعر نے دل کو نرالی بستی کیاں کیا ہے؟

(iii) لُو کو روح فرسا کیوں کہا گیا ہے؟

سوال نمبر 17۔ درج ذیل میں سے صرف دو کے جواب دیجیے۔ (2x2=4)

(i) مصنّف کو یہ احساس کیوں کر ہوا کہ گیا اس سے جان بوجھ کر ہار رہا ہے؟

(ii) امصنّف نے جب فقیر کو نوکری کی پیشکش کی تو اس نے کیا تنخواہ مانگی اور کیوں؟

(iii) تانگے والے کو گورے نے کیوں مارا؟

(iv) مصنّف نے کہانی 'ان داتا' کے آخری حصّے میں کال کا ذمہ دار کسے ٹھہرایا اور کیوں؟

سوال نمبر 18۔ درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے۔ (1x3=3)

1۔ نظم　　2۔ خاکہ　　3۔ غزل

☆☆☆